کسی کے سامنے اپنا خواب بیان کرنا

مجیب: ابوالفیضان مولانا عرفان احمد عطاری

فتوی نمبر: WAT-1977

تاریخ اجراء: 25صفرالمظفر1445ھ/12ستمبر2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا کسی کو اپنا اچھا یا بُرا خواب بتانا گناہ ہے؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

واقعی جو خواب دیکھا ہو، خواہ اچھا ہو یا بُرا ہو، اس کو بیان کرنا گناہ تو نہیں ہے، البتہ کونسا خواب بیان کرنا چاہیے اور کس شخص کو بیان کرنا چاہیے اس کے متعلق تفصیل بیان کرتے ہوئے، مفتیِ اہلِ سنت، شیخ القرآن ابو صالح مفتی محمد قاسم قادری مدظلہ العالی فرماتے ہیں: انسان جب کوئی اچھا خواب دیکھے تو اس کے بارے میں صرف اس شخص کو خبر دے کہ جو اس سے محبت رکھتا ہو یا عقلمند ہو اور اس سے حسد نہ کرتا ہو اور اگر برا خواب دیکھے تو اسے کسی سے بیان نہ کرے۔(3) صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں ہے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا" اچھا خواب اللہ تعالی کی طرف سے ہوتا ہے جب تم میں سے کوئی پسندیدہ خواب دیکھے تو اس کا ذکر صرف اسی سے کرے جو اس سے محبت رکھتا ہو اور اگر ایسا خواب دیکھے کہ جو اسے پسند نہ ہو تو اس کے شر سے اور شیطان کے شر سے اسے پناہ مانگنی چاہئے اور (اپنی بائیں طرف) تین مرتبہ تھتکار دے اور اس خواب کو کسی سے بیان نہ کرے تو وہ کوئی نقصان نہ دے گا۔(الصحیح البخاری، کتاب التعبیر، باب ما اذا رای مایکرہ۔۔، ج4، ص423، دار الکتب العلمیہ، بیروت) (صراط الجنان، جلد4، صفحہ526، مطبوعہ مکتبۃ المدینہ، کراچی)

اور یاد رہے! اپنی طرف سے جھوٹا خواب گھڑ کر لوگوں سے بیان کرنا سخت حرام اور بہت بڑا گناہ ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم نے متعدد احادیث میں اس کی مذمت فرمائی، چنانچہ حدیث پاک میں ہے: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم نے فرمایا: تمام جھوٹی تہمتوں میں سب سے بڑی تہمت یہ ہے کہ آدمی اپنی آنکھوں کو وہ دکھائے جو اس کی آنکھوں نے نہیں دیکھا ہے، (یعنی جو خواب نہیں

دیکھا ہے، اس کو جھوٹ موٹ کہے کہ میں نے یہ خواب دیکھا ہے)۔(الصحیح البخاری، کتاب التعبیر، باب من کذب فی حلمہ، ج4، ص423، دار الکتب العلمیہ، بیروت)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

دارالافتاء اہلسنت
Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net